ilmkidunya
علم کی دنیا

Civics - 9th Class Civics Urdu Medium Chapter 2 Preparation

Q1. سوش کے کیا معنی ہیں.

Ans 1: سوش کے معنی ' ساتھی' کے ہیں.

Q2. معاشرے کے ارکان کون سے ہوتے ہیں.

Ans 1: معاشرے کے ارکان فرد، خاندان، اور برادری ہوتے ہیں.

Q3. معاشی ضروریات کی تکمیل میں خاندان کا کیا کردار ہے.

Ans 1: خاندان ایک معاشی ادارہ ہے جو اپنے بچوں کی کفالت کا زمہ دار ہوتا ہے. خاندان کے افراد اس کیلیے بہتر وسائل پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں.

Q4. برادری یا طبقہ سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اگر کوئی گروہ چند افراد پر مشتمل ہوتو اس کو خاندان ، برادری یا طبقہ کہا جاتا ہے. خاندان سب سے پہلا بنیادی انسانی ادارہ ہے

Q5. جے-ایس-مل کے مطابق قومیت کا اطلاق کس گروہ پر ہوتا ہے.

Ans 1: جے-ایس-مل کے مطابق "قومیت کا اطلاق لوگوں کے ایسے گروہ پر ہوتا ہے جس میں ایک دوسرے کےلیے ہمدردی اور اخوت کے جذبات کار فرما ہوں جن کی بنائ پر ان میں باہمی اشتراک موجود ہو.

Q6. جان ایف سوبر نے معاشرہ کی کیا تعریف کی ہے.

Ans 1: جان ایف سوبر کے مطابق معاشرہ تعلقات کا ایسا نظام ہے جس میں فرد اپنی زندگی بسر کرتا ہے.

Q7. قوم سے کیا مراد ہے.

Ans 1: قوم سے مراد ایسے افراد ہیں جن کا تعلق ایک ہی سلسلہ نسب سے ہو.

Q8. دنیا میں پہلے خاندان کی تشکیل کس نے کی

Ans 1: اسلامی نظریہ کے مطابق حضرت آدم علیہ السلام نے دنیان کے پہلے خاندان کی تشکیل کی.

Q9. شہری کسے کہتے ہیں.

Ans 1: ریاست کے رہنے والے تمام افراد جن کو سیاسی ، سماجی اور معاشی حقوق حاصل ہوں انہیں ریاست کا شہری کہتے ہیں.

Q10. ارسطو کے مطابق خاندان کی تعریف کریں.

Ans 1: خاندان ایک قدرتی ادارہ ہے جس کی بنیاد انسانی ضروریات پر ہے چونکہ کوئی بھی فرد اپنی تمام ضروریات تنہا پوری نہیں کرسکتا اس لیے وہ خاندان کی تشکیل کرتا ہے